www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | منگل 22 ذیقعدہ 1446ھ 20 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 322

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2006@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں کامیاب کاروائیاں، 12 بھارتی حمایت یافتہ دہشتگرد ہلاک، 2 جوان شہید

ضلع کیچ میں 2 بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں (دہشتگرد سرغنہ صابر اللہ اور امجد بیچو) کو ہلاک کردیا، ضلع آواران میں دہشت گرد یونس مارا گیا، مارے جانیوالے دہشت گرد شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تھے

خیبر پختونخوا کے ضلع کی مروت میں آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے 5 بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں کو ہلاک کردیا، ضلع بنوں میں سیکیورٹی فورسز نے 2 بھارتی اسپانسرڈ خارجی دہشتگردوں کا جہنم واصل کیا

شمالی وزیرستان کے ضلع میرعلی میں فورسز نے مزید 2 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 29 سالہ سپاہی فرہاد علی طوری او 32 سالہ لانس نائیک صابر آفریدی نے جام شہادت نوش کیا

بھارت کے پاکستان میں امن وامان کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم کو خاک میں ملادیں گے، صدر اور وزیراعظم کا بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے بتایا کہ انٹیلی جنس پرمبنی آپریشن خیبر پختونخوا میں کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان میں کالعدم بلوچستان لبریشن فرنٹ کے خلاف کیے آئی ایس پی آر کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع کی مروت میں آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے 5 بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں کو ہلاک کراسی طرح ضلع بنوں میں سیکیورٹی فورسز نے دوسری کارروائی کی، جہاں 2 بھارتی اسپانسر خارجی دہشتگرد مارے پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق شمالی وزیرستان کے ضلع میرعلی کے عمومی علاقے میں خوارج نے سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر حملہ کردیا، فورسز نے فوری موثر جواب دیا، جس کے نتیجے میں 2 بھارتی اسپانسر خوارج کو ہلاک کردیا گیا، تاہم شدید فائرنگ کے تبادلے میں ضلع کرم کے 29 سالہ سپاہی فرہاد علی طوری اور کوہاٹ کے 32 سالہ لانس نائیک صابر آفریدی بہادری سے لڑتے........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

صدر پی ٹی آئی پرویز الٰہی کی لاہور میں شاہ محمود سے ملاقات

سلمان اکرم راجہ، مہر بانو قریشی اور دیگر رہنما بھی ملاقات کے موقع پر موجود

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی نے لاہور میں زیر علاج شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان تسلط کے سامنے نہیں جھکے گا، بھارت نے ہم پر کبھی حملہ کیا تو ہمارا ردعمل وحشیانہ ہوگا، ڈی جی آئی ایس پی آر

حقیقت یہ ہے کہ بھارت امریکا نہیں اور پاکستان افغانستان نہیں، بھارت اسرائیل نہیں اور پاکستان فلسطین نہیں

بھارت مسئلہ کشمیر کو جبر سے اندرونی مسئلہ بنانے کی کوشش کر رہا جتنی جلدی سمجھ جائے گا علاقائی امن کیلئے اچھا ہوگا

پاکستان اور بھارت کے درمیان ہاٹ لائن کھلی ہے، توقع ہے سیز فائر برقرار رہے گا، ترجمان افواج پاکستان کا انٹرویو

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ بھارت مسئلہ کشمیر حل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا۔ پاکستان بھارتی تسلط کے سامنے نہیں جھکے گا، ترک نیوز ایجنسی کو........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: وزیراعظم شہباز شریف پاکستان نیوی ڈاکیارڈ میں جوانوں سے مصافحہ کررہے ہیں

کوئٹہ کو ڈاؤن ٹاؤن شہر قرار دیا گیا، وال چاکنگ کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

کوئٹہ میں رکشوں کی جگہ محدود تعداد میں جدید اور ماحول دوست الیکٹرک کاریں متعارف کرائی جائیں گی، وزیراعلیٰ

وال چاکنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر سیاسی جماعتوں اور اشتہاری کمپنیوں کو قانونی نوٹس دینے کی ہدایت کردی گئی

فیڈرل پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے عوامی مفاد کے اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کو اولیت دی جائے گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کی پیش رفت سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس پیر کو یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں متعدد اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بحریہ کی تیاری دیکھ کر دشمن کی اس طرف حملہ کرنے کی ہمت نہیں ہوئی نیوی نے خلیج فارس، بحیرہ عرب اور بحیرہ احمر میں طاقت کا توازن بدل کر رکھ دیا، شہباز شریف

بحریہ مکمل تیار تھی، بھارت کو سبق مل گیا، زخم چاٹ رہا ہے، وزیراعظم

مسلح افواج پاکستان نے کئی گنا بڑے دشمن کو شکست دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کردیا، کشیدہ صورت حال میں پوری قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی رہی، پاک بحریہ کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں

بری فوج نے میزائلوں کے ذریعے دشمن کے ٹھکانوں پر نشانے لگائے، پاک فضائیہ کے شاہینوں نے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے دشمن کو سبق سکھایا، بحریہ دشمن کی جارحیت کا جواب دینے کے لیے تیار تھی لیکن

ہماری افواج کی بھرپور تیاری کے باعث دشمن ہمارا بال بیکا نہ کرسکا، تمام شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، ہم ایک امن پسند قوم ہیں اور تمام تصفیہ طلب مسائل کا بات چیت کے ذریعے حل چاہتے ہیں

اس امتحان کے دوران ہماری بندرگاہیں مکمل طور پر فعال رہیں، کراچی اور بن قاسم پر تجارتی جہاز بلاتعطل آتے جاتے رہے، پانچ گنا بڑی بھارتی بحریہ اس پوری صورتحال میں مکمل طور پر مفلوج دکھائی دی

رافیل جہازوں کا حشر دیکھ کر ان کا نام نہاد وکرانت میدان جنگ سے یوں بھاگا کہ پلٹنے کا نام نہ لیا، یعنی ہماری شارکس نے ہندوستانی وہیل کو مار بھگایا، پاکستان نیوی ڈاکیارڈ میں افسروں اور جوانوں سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کشیدہ صورتحال میں پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سینیٹر میر دوستین ڈومکی ملاقات کررہے ہیں

خواہش ہے مذاکرات ہوں، وزیراعظم، سپیکر کیخلاف تحریک عدم اعتماد کا کوئی ارادہ نہیں، بیرسٹر گوہر

عدم اعتماد کی خبر فیک اور جعلی ہے، ہم نے نہ ہی کوئی ایسی میٹنگ کی ہے اور نہ ہی یہ کوئی ایجنڈا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

سیز فائر ہوگیا ملک کی سب سے بڑی جماعت اور مقبول لیڈر کو آپ کب تک جیل میں رکھیں گے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور سپیکر کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا کوئی ارادہ نہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے تحریک عدم اعتماد لانے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ایسی خبروں میں کوئی صداقت........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ہزارگی کلچر قومی یکجہتی کی علامت ہے، میر سرفراز بگٹی

ہزارہ کمیونٹی بلوچستان کی ایک خوبصورت اور باوقار ثقافتی پہچان ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہزارہ کلچر ڈے کے موقع پر ہزارہ برادری کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہزارہ کمیونٹی بلوچستان کی........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ: کم عمری کی شادی پر پابندی کا بل منظور، بل واپس نہ لیا تو سڑکوں پر آئیں گے، فضل الرحمن

جمعیت کی جانب سے بل کی مخالفت، ایوان سے واک آؤٹ، بل اسلامی نظریاتی کونسل میں بھیجنے کا مطالبہ کردیا

یہ وقت ملی یکجہتی اور اتحاد قائم کرنے کا ہے اور ایسے میں حکومت متنازع بل منظور کروارہی ہے، سربراہ جمعیت کا خطاب

نکاح خواں یقینی بنائے گا کہ فریقین کے پاس موجود نادرا شناختی کارڈ پر تاریخ پیدائش درج ہے، بل کے مندرجات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینٹ نے اسلام آباد میں کم عمری کی شادی کی روک تھام کا بل منظور کرلیا، بل سینیٹر شیری رحمان نے پیش کیا۔ بل کے مطابق نکاح خواں کوئی ایسا نکاح نہیں پڑھائے گا جہاں ایک یا دونوں فریق 18 سال سے کم عمر ہو، جمعیت علماء اسلام ف........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی حکومتی یا عسکری حکام سے ملاقات نہیں ہوئی، عرفان صدیقی

مذاکرات یا پیشکشوں کے مرحلے گزر چکے، یہ سب سیاسی شوشے ہیں، لیگی سینیٹر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی کسی حکومتی یا عسکری عہدیدار سے کوئی ملاقات........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل پبلک سیکٹر یونیورسٹیز بلوچستان کے وائس چانسلرز اور پرو وائس چانسلرز اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان وبھارت نے جنگ بندی پر اتفاق کیا، امریکی تجزیہ کار

واشنگٹن (م ڈ) امریکی میگزین میں جنوبی ایشیا کے بارے میں امریکی تجزیہ کار مائیکل کگلمین نے کہا کہ پاکستان اور بھارت نے بڑھتی کشیدگی کے باوجود جنگ بندی پر اتفاق کیا۔ امریکا کا تجزیہ کار کا کہنا تھا کہ........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

65 ہزار عازمین کو حج کی اجازت کیلئے لکھے خط کا جواب جلد آنے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے کہا ہے کہ 65 ہزار عازمین کو حج کی اجازت کے لیے لکھے گئے خط کا جواب جلد آنے کا امکان ہے۔ سردار یوسف کے مطابق امید ہے سعودی حکومت........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

کیپٹو پاور لیوی سے بجلی سستی کرنے کا پلان آئی ایم ایف کو شیئر

بجلی 90 پیسے فی یونٹ سستی کرنے کا تخمینہ، لیوی بڑھنے پر بجلی مزید سستی ہونے کی توقع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے کیپٹو پاور لیوی سے بجلی سستی کرنے کا پلان آئی ایم ایف کو شیئر کردیا، کیپٹو پاور لیوی سے پہلے مرحلے میں بجلی 90 پیسے........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

عوام پر 194 ارب روپے کا اضافی بوجھ ڈالنے کی تیاری

عوام پیٹرولیم لیوی کی مد میں ملکی تاریخ کا سب سے زیادہ بوجھ برداشت کریں گے

پیٹرول پر 78 روپے اور ڈیزل پر 77 روپے لیٹر لیوی وصول کی جارہی ہے، حکام

اسلام آباد (شاکر رحمان) آئندہ مالی سال 2025-26 کے آغاز پر عوام یکم جولائی سے پیٹرولیم لیوی کی مد میں ملکی تاریخ کا سب سے زیادہ بوجھ برداشت کریں گے۔ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی رپورٹ کے مطابق نئے مالی سال کے لیے پیٹرولیم لیوی کی وصولی کا تخمینہ ایک ہزار 311 ارب روپے لگایا گیا ہے، جو 30 جون کو ختم ہونے........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف نے پاکستان کیلئے قرض پروگرام کی شرائط مزید سخت کردیں

عدم استحکام سے مالی، بیرونی اور اصلاحاتی ایجنڈا متاثر ہونے کا خدشہ ہے جبکہ امریکی اضافی ٹیرف کے منفی اثرات پڑسکتے ہیں

قرض پروگرام معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے، آئی ایم ایف کا ای آبیانہ نظام لاگو کرنے پر زور

پاک بھارت کشیدگی بڑھنے سے کاروبار متاثر ہوگا، ٹیکس ریونیو بڑھایا اور اخراجات محدود کئے جائیں، عالمی ادارے کا مطالبہ

اسلام آباد (شاکر رحمان) آئی ایم ایف نے پاک بھارت کشیدگی کے سبب معیشت کو درپیش خطرات کی نشاندہی کرتے ہوئے قرض پروگرام کی اگلی اقساط کیلئے شرائط مزید سخت کردی ہیں، اطلاعات کے مطابق آئی ایم ایف نے پاک بھارت کشیدگی برقرار رہنے یا اس میں اضافہ ہونے کو معیشت کیلئے خطرہ قرار دیا ہے، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان نئے مالی........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان سے ملاقات نہ کروانے پر توہین عدالت، جیل حکام سے جواب طلب

بیانی ثابت ہوئی تو آپ کو جرمانہ عائد کریں گے، عدالت کا علی امین کے وکیل سے مکالمہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عدالتی حکم کے باوجود وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین کی عمران خان سے ملاقات نہ کروانے پر توہین عدالت کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ اجلاس، انوارالحق کاکڑ اور سینیٹر کامران مرتضیٰ میں تلخ کلامی

بلوچستان میں 18 مئی کو ہمارے بار کے سیکرٹری جنرل کو اٹھایا گیا ہے، جے یو آئی سینیٹر

مجھے کامران مرتضیٰ کے الزام پر تکلیف ہے، وہ خود ہی جج بن گئے، انوارالحق کاکڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمان کے ایوان بالا (سینیٹ) کے اجلاس میں سابق وزیراعظم اور سینیٹر انوارالحق کاکڑ اور جمعیت علما اسلام (ف) سینیٹر کامران مرتضیٰ میں تلخ کلامی ہوگئی۔ سینیٹ اجلاس کے دوران انوارالحق کاکڑ اور کامران مرتضیٰ........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

نور مقدم قتل کیس، کیا آپ غیر فطری موت کو متنازع بنارہے ہیں؟ سپریم کورٹ

ایک بچی کو بے دردی سے قتل کیا گیا، فریقین کو سارے حقائق کا پتہ ہوتا ہے، ٹرائل ججز کا ہوتا ہے، جسٹس ہاشم کاکڑ

جب واقعہ ہوا تو اس وقت میرے موکل کی ذہنی حالت ٹھیک نہیں تھی، ٹرائل کورٹ نے معائنہ درست نہیں کروایا، وکیل

میڈیکل ہسٹری عدالت میں جمع کرادی، ملزم کو قتل پر سزائے موت، ریپ پر عمر قید اور اغوا پر 10 سال سزا سنائی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے نور مقدم قتل کیس میں ملزم کی اپیل پر سماعت کل تک ملتوی کردی، وکیل سلمان صفدر نے دلائل میں کہا کہ جب واقعہ ہوا تو اس وقت میرے موکل کی ذہنی حالت ٹھیک نہیں تھی، ٹرائل کورٹ نے ذہنی حالت کا معائنہ درست طریقے سے نہیں کروایا، عدالت نے ریمارکس میں کہا کہ کیا آپ غیر فطری موت کو متنازع بنا رہے ہیں؟ ایک بچی کو بے دردی........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو شہید اسکواڈرن لیڈر عثمان یوسف کے والد سے تعزیت کررہے ہیں

شہدا کی قربانیاں قوم کی یادوں میں نقش رہیں گی، ایئر چیف

فضائیہ کے سربراہ کی شہید اسکواڈرن لیڈر عثمان یوسف کے گھر آمد، تعزیت اور فاتحہ خوانی

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معرکہ حق کے دوران دشمن کے حملے میں شہید ہونے والے اسکواڈرن لیڈر عثمان یوسف........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

22 بھارتی چوکیاں ہمارے پاس ہیں، وزیر ریلوے حنیف عباسی

بھارت پر میزائل برسائے تو مودی امریکا کی طرف بھاگا کہ ہمیں بچاؤ، وفاقی وزیر

اٹک (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ 22 بھارتی چوکیاں ہمارے پاس ہیں، ابھی تو ہم نے ایک جہاز اڑایا ہے، ایف سولہ تو باقی........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کرنل صوفیہ کو دہشت گردوں کی بہن کہنے والے وزیر کی معافی مسترد

بی جے پی وزیر کیخلاف تحقیقات کے لیے خصوصی تحقیقاتی ٹیم تشکیل دینے کا حکم

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی سپریم کورٹ نے کرنل صوفیہ قریشی کے خلاف بیان متنازع بیان دینے پر مودی سرکار کے........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سپین غر کے جنگلات میں لگی آگ وسیع علاقے تک پھیل گئی

اونچائی اور تیز ہواؤں کے باعث آگ پر قابو پانے میں مشکلات

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) قلعہ سیف اللہ میں سپین غر کے جنگلات میں لگی آگ 2 کلومیٹر تک پھیل گئی ڈپٹی کمشنر نے فضائی مدد طلب کرلی۔ قلعہ سیف اللہ میں واقع سپین غر........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کی پیش رفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسرائیل کا غزہ پر مکمل قبضے کا اعلان، امریکی دباؤ پر محدود امداد پہنچانے کی اجازت

ہم غزہ کی پٹی کے تمام علاقوں پر کنٹرول حاصل کرنے جارہے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کا اعلان

اسرائیلی فوج نے غزہ کے بڑے شہر خان یونس کے رہائشیوں کو فوری طور پر علاقہ چھوڑنے کا حکم دیا ہے، ادارہ

غزہ (م ڈ) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے غزہ میں محدود پیمانے پر بنیادی انسانی امداد کی تقسیم کی اجازت دیتے........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے شاہین میزائل استعمال کرنے کے بھارتی دعوے مسترد کردیے

الزامات بے بنیاد ہیں، بھارتی فوج کے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ پر جاری ویڈیو جعلی تھی

پاکستان کی روایتی فوجی صلاحیتوں نے واضح برتری حاصل کی، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے آپریشن بنیان مرصوص میں شاہین میزائل استعمال کرنے سے متعلق بھارتی ذرائع ابلاغ کے بے بنیاد دعوں کو مسترد کردیا۔ بھارتی میڈیا کے ان بے بنیاد دعوں کے جواب میں ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ یہ الزامات سراسر جھوٹ پرمبنی اور بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج کے آفیشل ٹوئٹر........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کملاہیرس نے حمایت حاصل کرنے کیلئے پیسہ چلایا، ٹرمپ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سابق امریکی نائب صدر اور صدارتی انتخابات میں اپنی مدمقابل کملاہیرس........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس اعجاز سواتی چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ نامزد، جوڈیشل کمیشن نے منظوری دیدی

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیرصدارت اجلاس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کیلئے تین ناموں پر غور

نامزدگی جوڈیشل کمیشن نے کثرت سے کی، جسٹس اعجاز سواتی قائم مقام چیف جسٹس کے فرائض انجام دے رہے تھے

جوڈیشل کمیشن اجلاس میں جسٹس اعجاز سواتی کو چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نامزد کر دیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیرصدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کے لیے...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سے فرانس اسمگل کیے گئے نوادرات پاکستان کے حوالے

فرانسیسی کسٹمز نے نوادرات پیرس میں پاکستانی سفارتخانے کو بھجوائے

قدیم نوادرات کی بڑی تعداد کو فرانسیسی کسٹمز نے حالیہ برسوں پکڑا تھا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پاکستان کے صوبہ بلوچستان سے فرانس اسمگل کیے گئے آثار قدیمہ کے نوادرات جنہیں فرانسیسی حکام نے ضبط کیا تھا پاکستان کو واپس مل گئے، جو پیرس میں موجود پاکستانی سفارت خانہ نے واپس پاکستان بھجوادیے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان سے اسمگل کیے گئے قدیم نوادرات کی ایک بڑی تعداد جنہیں فرانسیسی کسٹمز نے حالیہ برسوں........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار 3 روزہ دورے پر چین پہنچ گئے، پرتپاک استقبال

دورے کے دوران اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کریں گے، باہمی تعاون پر تبادلہ خیال ہوگا، افغان عبوری وزیر خارجہ آج چین پہنچیں گے

بھارت کا بلیم گیم پوری دنیا کے سامنے بے نقاب ہوچکا ہے، دنیا جان چکی پاکستان پر لگائے گئے تمام الزامات غلط تھے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار چین کے 3 روزہ دورے پر دارالحکومت بیجنگ پہنچ گئے، بیجنگ........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

چھوٹا بینچ بھی نظر ثانی کیس سن سکتا ہے، سپریم کورٹ

مخصوص نشستوں سے متعلق 13 رکنی بینچ کے فیصلے پر نظر ثانی اپیلوں کی سماعت

جتنے رکنی بینچ نے فیصلہ دیا ہے اتنا رکنی بینچ ہی نظر ثانی سن سکتا ہے، وکیل کے دلائل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کے بعد چھوٹا بینچ بھی نظر ثانی........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ملالہ کا لبنان میں بچوں کی تعلیم کیلئے ڈیڑھ لاکھ ڈالر کا عطیہ

فخر محسوس ہو رہا ہے کہ جنگ زدہ لبنان کو ایمرجنسی گرانٹ دی، سوشل میڈیا پر بیان

لاہور (بیورو رپورٹ) سماجی کارکن اور نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی نے جنگ زدہ لبنان میں بچوں کی تعلیم کیلئے........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے دوبارہ جارحیت کی کوشش کی تو حشر پہلے سے زیادہ برا ہوگا، وزراء، اراکین اسمبلی

پاک بھارت کشیدگی سے انڈیا کو بڑے پیمانے پر نقصان اٹھانا پڑا جو مودی سرکار کی غلط پالیسیوں کا نتیجہ تھا، بخت محمد کاکڑ، میر صادق عمرانی

پاکستان ایک پرامن ملک جس نے ہمیشہ بھارت کو کشمیر سمیت تمام مسائل پر مذاکرات کی دعوت دی، حاجی نور محمد دمڑ، حاجی محمد خان طور اتمان خیل

پاکستان خود مختار ملک جس نے کبھی کسی دوسرے ملک میں مداخلت نہ ہی تعلقات خراب کرنے کی کوشش کی، شیخ زرک خان مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ پاک بھارت کشیدگی سے انڈیا کو بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا کرنا پڑا جو مودی سرکار کی غلط پالیسیوں کا نتیجہ تھا، پاکستان پرامن ملک جس نے بھارت کو ہمیشہ کشمیر سمیت تمام مسائل پر مذاکرات کی دعوت دی لیکن مودی سرکار نے طاقت کے........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بھارت فائر بندی دوطرفہ تھی، ٹرمپ کا کوئی کردار نہیں، وکرم مسری

اسلام آباد سے کسی ایٹمی دھمکی یا اشارے کے کوئی شواہد نہیں ملے، بھارتی سیکرٹری خارجہ

نئی دہلی (م ڈ) بھارتی خارجہ سیکرٹری نے کہا کہ پاک بھارت فائر بندی خالصتاً طور پر دوطرفہ تھی، ٹرمپ کا فائر بندی میں کوئی کردار نہیں بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت کے خارجہ سیکرٹری وکرم مسری نے پارلیمانی کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے کسی........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں شدید گرمی کی لہر برقرار سڑکیں سنسان

کوئٹہ (خ ن) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق پیر اور منگل کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کی توقع ہے۔ دن کے وقت زیادہ درجہ حرارت رہنے اور ہیٹ ویو کا امکان ہے۔ جنوبی اور مشرقی........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نہیں جہنم جانا پسند کرونگا، جاوید اختر کے بیان پر سخت ردعمل

آپ نے بالکل صحیح جگہ کا انتخاب کیا، واقعی وہیں کے قابل ہیں، مشی خان

جاوید اختر جہنم کا انتخاب نہ بھی کریں، تب بھی انکا جہاز وہیں اترے گا، عمران عباس

لاہور (م ڈ) بھارتی مصنف اور شاعر جاوید اختر کے پاکستان مخالف نامناسب بیان پر پاکستانی معروف شخصیات نے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ جاوید اختر ایک بار پھر پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی کر کے تنازع کی زد میں آ گئے ہیں، انہوں نے حالیہ دنوں میں ایک انٹرویو کے دوران ایسا بیان دیا جس پہلے پاکستانی عوام اور شوبز اور سیاسی شخصیات کو شدید مشتعل کردیا ہے۔ جاوید اختر نے ایک پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 'پاکستانی کہتے ہیں کہ میں جہنم میں جاؤں گا اور بھارتی مجھے جہادی کہتے ہیں، کہتے ہیں پاکستان چلے جاؤ، اگر مجھے پاکستان اور جہنم........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور چین کا دفاعی تعاون جنگی برتری میں تبدیل، عالمی میڈیا کا بھی اعتراف

جدید چینی ٹیکنالوجی سے لیس پاکستانی افواج نے حکمت عملی سے بھارت کی عسکری منصوبہ بندی کو بری طرح ناکام بنایا

چین کے ہتھیاروں نے پاکستان کے ہاتھوں اپنی پہلی بڑی جنگی آزمائش کامیابی کے ساتھ مکمل کرلی، دی اکانومسٹ

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان اور چین کا دفاعی تعاون جنگی برتری میں تبدیل ہوگیا جس کا واضح مظاہرہ حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں دیکھا گیا۔ عالمی میڈیا نے بھی اعتراف کیا کہ چینی ساختہ J-10C طیاروں اور PL-15 میزائلوں نے بھارتی فضائیہ........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

کرتار پور راہداری بھارت کی وجہ سے بند ہے، انتظامیہ

پاکستان اپنے سکھ بھائیوں کا منتظر ہے، نریندر مودی آنے کی اجازت دیں

شکرگڑھ (بیورو رپورٹ) گوردوارہ دربار صاحب کی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ کرتار پور راہداری 9 روز سے بھارت کی جانب سے بند ہے۔ ہیڈ گرنتھی گوردوارہ دربار صاحب سردار گوبند سنگھ کا کہنا ہے کہ پاکستان اپنے سکھ بھائیوں کا منتظر ہے، نریندر مودی سے اپیل ہے کہ سکھوں کو کرتار پور آنے دیا جائے۔ سردار........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ صحت کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کلی ہنگلزئی و ملحقہ علاقوں کے 4 ٹیوب ویلز خراب لاکھوں کی آبادی پانی سے محروم

ٹیوب ویل خرابی کے باعث علاقے میں ٹینکر مافیا کا راج قائم ہے ٹینکر 3 ہزار روپے میں فروخت ہو رہا ہے

بزرگ، خواتین و بچے ہاتھ ریڑھی کے ذریعے پانی لانے پر مجبور ہیں، مزمل احمد، چاکر خان، احمد جان، نجیب محمد حسنی، عالم ہنگلزئی کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (امیر یار رپورٹر) کروڑوں روپے مختص ہونے کے باوجود محکمہ پی ایچ ای کوئٹہ کے عوام کو مناسب پانی کی فراہمی اور ٹیوب ویلز کی بروقت مرمت نہ کی جا سکی، عوام نے محکمہ پی ایچ ای کیخلاف احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان قادر خان، سیکرٹری پی ایچ ای سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے سریاب نیو کلی ہنگلزئی واپڈا گریڈ، کلی قمبرانی، کلی مصطفی آباد، کلی قمبرانی ودیگر علاقوں کے مکین مزمل احمد، چاکر خان، احمد جان، نجیب محمد حسنی، عالم ہنگلزئی ودیگر نے بتایا ہے کہ مذکورہ بالا علاقوں میں 4 پی ایچ ای کے ٹیوب ویلز ہیں جو کہ عرصہ دراز سے غیر فعال ہیں۔ کلی ہنگلزئی ٹیوب ویل دو مہینے سے خراب تھی، بڑی محنت تگ و دو کے بعد گزشتہ روز ان کی مرمت کا کام شروع ہو گئی ہیں مکمل ہونے پر میڈیا والوں کو دوبارہ آگاہ کریں گے اس کے علاوہ کلی بی بی آنہ زیارت، کلی مصطفی آباد، کلی قمبرانی یعنی ہر علاقے میں ایک ایک ٹیوب ویل ہیں جو کہ عرصہ دراز سے خراب ہیں جن کی مرمت تا حال نہ ہو سکی۔ انہوں نے بتایا کہ ہمارے اس حلقہ میں تقریباً 1500 سے لیکر لگ بھگ 2000 گھرانے آباد ہیں بڑی نفوس کے باوجود عوام پینے کے صاف پانی سے محروم ہیں، ٹیوب ویلز کے چھوٹے چھوٹے مسئلے ہوتے ہیں ان کی مرمت میں سالوں کا عرصہ بھی لگ جاتی ہیں محکمہ پی ایچ ای اس پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے، جس کی وجہ سے عرصہ دراز سے ٹیوب ویل خراب رہتی ہیں، اور ٹیوب ویل خرابی کے باعث ٹینکر مافیا کا راج قائم رہتا ہے فی ٹینکر کی قیمت 3000 روپے سے بھی تجاوز اختیار کر گیا ہے مہنگا پانی غریب عوام پر فروخت ہونے کے باعث غریب گھرانوں سے تعلق رکھنے والے خواتین بچے بزرگ ہتھ ریڑھی گیلن اور ڈبوں کے ذریعے پانی لانے پر مجبور ہیں، انہوں نے بتایا کہ علاقے کے ایم پی اے جب سے منتخب ہوا ہے اب تک علاقے کے کئی بار دورے کر چکے ہیں اعلانات کئے سارے بنیادی مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہیں لیکن عملی بنیادوں پر اب تک کچھ بھی نہ ہو سکے سارے وعدے اعلانات ہی کی نظر ہو گئے ہیں۔ انہوں نے آخر میں وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی اور خلیل احمد چیف ہیلتھ ایجوکیشن آفیسر صوبائی ہیلتھ ڈائریکٹوریٹ بلوچستان کے درمیان رضا کاروں کیلئے آگاہی مہم، ایسپائرنگ کلب اور ایس بی کے یو آئی سی وی یو میں ایسپائرنگ کلب کے قیام کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

ایس او ایس ولیج معاشرے کی اجتماعی زمہ داری نبھا رہا ہے، ڈی سی کوئٹہ

یتیموں کی سرپرستی کرنے والے اداروں سے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کے ہمراہ ایس او ایس ولیج کوئٹہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے یتیم بچوں کے ساتھ وقت گزارا، ان کی خیریت دریافت کی، اور تحائف تقسیم کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ادارے کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ایس او ایس کے نمائندوں سے ادارے کے انتظامی اور تعلیمی امور پر بریفنگ لی۔ انہوں نے تمام شعبہ جات کا دورہ کیا اور فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بچوں کی دلجوئی کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی اور انہیں معاشرے کا قیمتی اثاثہ قرار دیا۔ انہوں نے ادارے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ ایسے اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ یہ دورہ بچوں کے چہروں پر خوشی لانے کا باعث بنا اور اپنے اس عمل سے معاشرے میں یتیم بچوں کے ساتھ ہمدردی اور محبت کا پیغام دیا۔

دشمن کی غلامی کسی غیرت مند پاکستانی کو قبول نہیں ہے، ظفر اللہ پیرزاد

پارٹی صدر مملکت آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو کی قیادت متحد ہے، ضلعی رہنما پی پی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات ظفر اللہ پیرزادہ نے کہا ہے کہ ہم تو جیتے ہی شہادت کے لیے ہیں پاکستان ایک ملک، ایک قوم اور اسلامی جمہوری ریاست ہے، دشمن کی غلامی کسی غیرت مند پاکستانی کو قبول نہیں ہے عوام پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہیں اور پارٹی صدر مملکت آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی قیادت متحد و متفق ہیں یہ بات انہوں نے پاک افواج سے اظہار یکجہتی اور یوم تشکر کے حوالے سے بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بھارت خطے، خاص طور پر پاکستان میں دہشتگردی کی سرپرستی کر رہا ہے، بھارت پاکستان میں جاری دہشت گردی کا اصل سرپرست ہے پاکستانی ایک سنجیدہ قوم ہیں، ہماری پہلی ترجیح امن ہے ہماری امن اور خاموشی کو کمزوری سمجھنے والوں سے پوچھا جائے کہ آج ان کی کیا حالت ہے پاکستانی عوام اور پاک افواج دشمن کو جواب دینا اچھی طرح جانتی ہے کیونکہ پاکستان کے عوام اپنے پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور رہیں گے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے دشمن کو بھرپور منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جو کر کے دکھایا بھی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت ہے جو اپنے عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے کیونکہ عوام نے ان پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی کسی صورت عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے بلکہ ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے

حاجی نظر گل انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) حاجی نظر گل انتقال کر گئے، وہ ٹوپ رائے ٹی ایف والے کے والد تھے مرحوم کو سپرد خاک کر دیا گیا جبکہ فاتحہ خوانی کلی شاہ عید گاہ میں جاری ہے

کوئٹہ سیکٹ کے زیر اہتمام جاری ورکشاپ پی ایس فیکلٹی ٹریننگ (مکمل) کے پہلے روز ریسورس پرسن ڈاکٹر افتخار بلوچ اور ڈاکٹر ضیاالحق خواتین شرکا کو بریفنگ دے رہے ہیں

جامعہ بلوچستان اور ٹراما سینٹر، کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

مقصد شعبہ فزیکل تھراپی DPT کے طلباء کو عملی تربیت کے مواقع فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (پ ر) یونیورسٹی آف بلوچستان نے سنڈیمن صوبائی اسپتال اور ٹراما سینٹر، کوئٹہ کے ساتھ ایک اہم مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے ہیں، جس کا مقصد شعبہ فزیکل تھراپی DPT کے طلباء کو عملی تربیت کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس معاہدے پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، سنڈیمن ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جناب ڈاکٹر عبد الہادی کاکڑ، اور ٹراما سینٹر کے چیئرنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر ارباب کامران کاسی نے دستخط کیے۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف بلوچستان کے رجسٹرار جناب محمد طارق جوگیزئی، ORIC کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر سید مزمل بخاری، ڈی جی اسٹوڈنٹس افیئرز جناب عبد الناصر کھیازئی، پروفیسر ڈاکٹر محمد ایوب، ڈاکٹر قیصر اقبال چیئرمین GSO، ڈاکٹر محسن ساجد انچارج شعبہ فزیکل تھراپی، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز جناب محمد صادق سالائی، ڈاکٹر سجاد حیدر، ڈاکٹر عمیر صدیقی، اور کمال الدین خلجی بھی موجود تھے۔ اس مفاہمتی یادداشت کے تحت، DPT کے طلباء کو آرتھوپیڈکس، نیورولوجی، پیڈیاٹرکس، اور CCU جیسے شعبہ جات میں انٹرن شپ اور ہاؤس جاب کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ڈاکٹر عبد الہادی کاکڑ نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ عملی تربیت مستقبل کے طبی ماہرین کی تیاری کے لیے ناگزیر ہے۔ ڈاکٹر ارباب کامران کاسی نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیمی تربیت کو ہسپتال کی حقیقی کارروائیوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنا طلباء کی مہارت اور اعتماد کو بڑھاتا ہے۔ یہ شراکت داری بلوچستان میں صحت کی تعلیم کے معیار کو بلند کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

گلستان بم دھماکہ قابل مذمت اور شہادتیں افسوسناک ہیں، اے کیو ایم

دھماکہ پشتون پرامن اضلاع کے حالات وزیرستان جیسے بنانے کی سازش ہے

کوئٹہ (پ ر) گلستان بم دھماکہ قابل مذمت اور شہادتیں افسوسناک ہیں دھماکہ پشتون پرامن اضلاع کے حالات وزیرستان جیسے بنانے کی سازش ہے۔ افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے گلستان بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت اور گہرے دکھ و غم کا اظہار کیا ہے۔ احمد خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ دہشتگردی کے اس واقعے پر شدید افسوس ہوا ہے بے گناہ افراد کی شہادتوں پر گہرے دکھ و درد کا اظہار کرتے ہوئے اس طرح کے واقعات ہونا انتہائی انسانیت سوز اور افسوس ناک عمل قرار دیا گیا ہے دہشتگردی کے اس حملے میں معصوم شہریوں کی شہادت اور زخمی ہونے پر دل انتہائی رنجیدہ ہے۔ شہداء اور زخمی ہونے والوں کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہوں پرامن پشتون اضلاع میں جان بوجھ کر حالات خراب کیے جا رہے ہیں تاکہ ان علاقوں کو بھی وزیرستان کی طرح بے رحم ایرپشنوں کے ضد میں لایا جا سکے۔

شالکوٹ میں امن و امان کی بہتر صورتحال قابل تعریف ہے، محب خان ترین

ایس ایچ او عابد مینگل جرائم کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، نقیب خان

کوئٹہ (پ ر) ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن سریاب کسٹم کے صدر محب خان ترین نقیب خان ماما اسماعیل اور دیگر نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تجربہ کار اور با صلاحیت پولیس آفیسر ایس ایچ او تھانہ شالکوٹ عابد مینگل کی بہتر پلاننگ اور ذمہ دارانہ کردار کی وجہ سے شالکوٹ جیسے مشکل ترین علاقے میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری سے جرائم کی شرح میں کمی دیکھنے میں آ رہی ہے جو نہ صرف علاقے کی عوام کے مفاد میں ہے بلکہ اس سے قانون کی بالادستی محکمے کی ساکھ کو بھی مضبوطی حاصل ہو گی ایس ایچ او عابد مینگل پورے علاقے پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کو فوری طور پر یقینی بنایا جا سکے ایس ایچ او کے ماتحت آفیسران محرر رابعہ صدام آپریٹر سجاد لاشاری بھی اپنے اپنے ذمہ داریوں سے وفا کر رہے ہیں جو ان کی خاصیت رہی ہے۔

کوئٹہ صوبائی مشیر سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی اور سیکرٹری عصمت اللہ قریش سے حاجی فضل محمد نورزئی ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی مشیر ولی محمد نورزئی سے فضل محمد نورزئی کی ملاقات

ملاقات میں منشیات کے عادی افراد کی بحالی پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (پ ر) صوبائی مشیر سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی اور سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریش سے حاجی فضل محمد نورزئی نے ملاقات کیا ملاقات میں تمام سینٹروں کو درپیش مالی مشکلات پر بات چیت ہوا اور سرکاری سطح پر منشیات کے عادی افراد کے علاج و بحالی کیلئے مختلف سینٹرز کو 1370 مریض دیئے گئے ہیں جنگی دیکھ بال کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جس پر حاجی ولی محمد نورزئی اور عصمت اللہ قریش نے کہا کہ ہمیں معلوم ہیں کہ آپ کو مشکل ہے ہم دن رات اسی کوشش میں ہیں کہ آپ کو جلد از جلد رقم کی فراہمی یقینی بنا سکیں انشاء اللہ ملکر بلوچستان کو منشیات سے پاک کر کے دم لینگے۔

کوئٹہ: ڈھاڈر مشکاف کے قبائلی معتبرین، میر محمد نواز کرد، میر محمد خیر کرد، حاجی عبد المالک، ماسٹر عبد السلام کرد اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

زمینوں پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے، محمد نواز

مقدمات خارج ہونے کے باوجود 45 سال چوری کر لیے گئے ہیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مشکاف کے رہائشیوں محمد نواز، میر محمد خیر، ماسٹر سلام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ انکی زمینوں پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں جان کا تحفظ فراہم کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو میر سیف اللہ، میر ناصر کرد، آغا محمد کرد اور دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مشکاف موضع دامان ہمارے آباؤ اجداد کی زمین ہے جنہیں ہم کئی دہائیوں سے کاشت کرتے آ رہے ہیں جن پر عبد اللطیف، عبد النبی ولد ملا بہادر، عبد المالک ولد عبد النبی، ابو بکر ولد جھنڈا، مسماۃ آمنہ ولد عبد النبی وغیرہ ہمارے دادا میر سوراب خان اور نگری عبد النبی کرد کے خلاف بابت زمین موضع دامان مشکاف 1969m میں دعویٰ کیا تھا جو کہ کلکٹر قلات نے اس سے پہلے ہمارے دادا کے نام کیا تھا اور کمشنر قلات نے 1967 کے ریکارڈ میں ہمارے آباؤ اجداد کے نام پر درج کیا تھا اور 1969ء میں عبد النبی میوہ خان لوگوں کی طرف سے کیا جانے والا دعویٰ قاضی لہڑی ڈھاڈر نے خارج کر دیا تھا مجلس شوریٰ قلات میں بھی دعویٰ خارج کیا گیا اور بعد میں بلوچستان ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ میں اپیل کی گئی وہاں سے بھی اپیل خارج ہوئی اور تمام فیصلے ہمارے دادا نگری عبد النبی کرد کے حق میں آئے تھے تب سے آج تک ہم ان زمینوں پر کاشت کرتے آ رہے ہیں لیکن ابھی 40 سال بعد پھر بی بی آمنہ ولد عبد النبی نے اسی زمین پر 4 ستمبر 2024 کو ہمارے چچا میر محمد عالم کرد ولد میر سوراب خان کرد پر دعویٰ دائر کیا جو کہ ہمارے چچا میر محمد عالم کرد کو سمن جاری کیا میر محمد عالم کرد پر مخالف پارٹی نے بابت زمین کا کیس لگایا تھا پھر ڈھاڈر عدالت نے آٹھ ماہ بعد خارج کیا

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وطن گران کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

حلقہ پی بی 46 کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، ریاض احمد شاہوانی

حلقے کو نظر انداز کیے جانے کی وجہ سے عوام میں سخت بے چینی پائی جاتی ہے، شرکا اجلاس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سابق نائب صدر حلقہ پی بی 46 کے سابقہ ٹکٹ ہولڈر حاجی میر ریاض احمد شاہوانی کی زیر صدارت اجلاس ان کی رہائش گاہ شاہوانی ہاؤس چکی بیگ سریاب میں منعقد ہوا، اجلاس کے تمام شرکا نے سریاب سمیت حلقہ پی بی 46 کو ترقیاتی کاموں سمیت روزگار اور گیس پانی بجلی غرض یہ کہ زندگی کی اکثر بنیادی سہولیات کے حوالے سے نظر انداز کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے سریاب سمیت حلقہ پی بی 46 کے عوام میں سخت بے چینی پائی جاتی ہے اجلاس کے شرکا کا مزید کہنا تھا کہ الیکشن کمپین کے دوران ہم لوگوں نے عوام کے ساتھ بہت سے وعدے کیے تھے جن میں 50 بیڈ کا ہسپتال علاقے میں تعلیم گیس پانی بجلی سمیت دیگر سہولیات فراہم کرنے کے وعدے کیے تھے مگر افسوس کہ ہم اپنے ان وعدوں کو آج تک پورا نہیں کر سکے مزید سہولتیں فراہم کرنے کے بجائے آج شدید گرمی کے موسم میں سریاب کے عوام بجلی اور پینے کے پانی کے لیے ترس رہے ہیں گیس تو سریاب میں نہ ہونے کے برابر ہے کئی بار ہم لوگوں نے پیپلز پارٹی کے صوبائی قائدین کو ان مسائل سے آگاہ بھی کیا ہے مگر کوئی شنوائی نہیں ہے جبکہ پیپلز پارٹی کے تمام قائدین اور ورکروں کو معلوم ہے کہ حلقہ پی بی 46 میں عوام نے پیپلز پارٹی کو ہی ووٹ دیئے ہیں مگر ایک سازش کے تحت پیپلز پارٹی کو اس نشست سے محروم کیا گیا اگر یہی صورتحال رہی تو سریاب میں پیپلز پارٹی کو سخت نقصان پہنچے گا اور آئندہ انتخابات میں ہم لوگوں کے لیے عوام کے پاس جانا بہت مشکل ہو گا جبکہ آج بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہے اور وزیر اعلیٰ بھی پیپلز پارٹی کا ہے مگر اس کے باوجود پیپلز پارٹی کے ورکرز در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں اس لیے اس اجلاس کے توسط سے ہم چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ سریاب سمیت حلقہ پی بی 46 کے عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لیے خصوصی توجہ دیں

ترقیاتی کاموں کی وجہ سے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں 20 سے 22 مئی کو بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں برقی لائنوں کی شفٹنگ اور بجلی کے کھمبے نصب کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 20 مئی سے 22 مئی تک (روزانہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11Kv سمنگلی ایکسپریس، دلدار کاریز، چلتن، ہزارہ ٹاؤن، کرانی ایکسپریس، انڈسٹریل، اولڈ جان محمد، نیو جان محمد روڈ، اے ون سٹی، جرنیل سیاہ، اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن، سرکی روڈ، غازی، ساتھ واسا، بی ایم سی اور جرنیل سیاہ فیڈرز سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک بجلی بند رہے گی، اسی طرح مری آباد گرڈ اسٹیشن کے کاسی ون، کاسی ٹو، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ 220Kv کوئٹہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے 11Kv ایسٹرن بائی پاس، شوکت، شاہنواز، پشتون آباد ایکسپریس، سعد اللہ اور سریاب مل فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی، علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشنز اور ٹرانسمیشن لائن پر مرمتی کاموں کیلئے 20 مئی کو (بروز منگل) منگچر گرڈ اسٹیشن سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک نیز اسی روز جھل مگسی اور صحبت پور گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہو گی

حنیف خوندئی کا مختلف شخصیات سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) خوندئی قوم کے سربراہ السادات قومی موومنٹ کے چیئرمین سید محمد حنیف خوندئی نے یونس بلوچ کے فرزند ڈاکٹر شاہ رخ بلوچ، ایس پی جمیل کاکڑ کے بھائی محمد حسین، مقامی اکیڈمی کے چیئرمین محمد طاہر اچکزئی کے والد، ملک اسد اتمک کے بھائی ناصر خان، حافظ عبد الغنی شہزاد کے بھانجے سمیر احمد، سابق گورنر سید ظہور آغا کی اہلیہ جانان خان علائخیل اور جلیل خان مشوانی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ژوب میں پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ نے یوم تشکر کی تقریب کا انعقاد کیا

شرکاء نے پاک فوج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے قومی یکجہتی پر زور دیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ژوب میں پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) کے زیر اہتمام "یوم تشکر و یوم الفتح کی تقریب" کا انعقاد کیا گیا اس پر وقار تقریب میں ضلع بھر سے تعلق رکھنے والے معزز شخصیات عبد اللطیف ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن عامر محمد ڈائریکٹر سپورٹس عبد الصمد حریفال ڈویژنل کیمونیکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ مینیجر بی آر ایس پی عبد الجبار خان، قطب خان کو آرڈینیٹر ترقی فاؤنڈیشن گل زمان ناصر صدر انجمن تاجران ذوالفقار شیرانی فوکل پرسن ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اور معروف سماجی کارکن علامہ محمد نسیم بابر نے شرکت کی۔ شرکاء نے بی پی اے ایف اور بی آر ایس پی کی جانب سے غریب علاقوں میں صحت و غذائیت کے شعبے میں کی جانے والی خدمات کو سراہا۔

نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبد المالک بلوچ سے بلوچستان ریفارمز کے نائب صدر ڈاکٹر فرحت حسین، فائزہ و سکندر رود و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

اشتہار برائے بھرتی بلوچستان پولیس (سی۔ٹی۔ڈی)

بلوچستان پولیس (سی۔ٹی۔ڈی) میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر درج ذیل اضلاع میں تقرری کیلئے متعلقہ اضلاع کے لوکل / ڈومیسائل موزوں امیدواروں سے مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔

آسامی / اسکیل	تعلیمی قابلیت	علاقائی آسامیاں
درجہ چہارم باورچی B-01	تعلیم یافتہ / متعلقہ شعبے میں مہارت رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی	کوئٹہ 01 لسبیلہ 01 کیچ / تربت 01
درجہ چہارم خاکروب B-01	تعلیم یافتہ / متعلقہ شعبے میں مہارت رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی	ڈیرہ بگٹی 01
درجہ چہارم مالی B-01	تعلیم یافتہ / متعلقہ شعبے میں مہارت رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی	قلات 01
درجہ چہارم الیکٹریشن B-01	تعلیم یافتہ / متعلقہ شعبے میں مہارت رکھنے والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی	خاران 01

نوٹ:۔ (1) درج بالا آسامیوں کیلئے امیدوار اپنی درخواستیں CTD کمپلیکس لنک بروری روڈ کوئٹہ (کوئٹہ کے امیدوار) اور کوئٹہ کے علاوہ لسبیلہ، کیچ / تربت، ڈیرہ بگٹی، قلات، خاران کے امیدوار اپنے متعلقہ ریجن میں مورخہ 30-05-2025 تک دفتری اوقات میں صبح 10:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک جمع کرا سکتے ہیں (2) پریکٹیکل ٹیسٹ اور انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ نہیں دیا جائے گا (3) درخواست کیساتھ متعلقہ شعبے میں مہارت کا سرٹیفکیٹ، تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ، CNIC، چال چلن سرٹیفکیٹ (Gazette) آفیسر / سکول، کالج سے تصدیق شدہ ہو اور 02 عدد پاسپورٹ سائز فریش تصاویر (attested) منسلک کریں (4) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائیگا۔ دفتر ہذا جانچ پڑتال کے بعد صرف شارٹ لسٹڈ / اہل امیدواروں کو ٹیسٹ / انٹرویو کی تاریخ سے بذریعہ اشتہار فراہم کردہ موبائل نمبر / ٹیلیفون نمبر پر مطلع کریگا (5) پہلے سے گورنمنٹ ملازم اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست ارسال کریں (6) درخواست فارم مبلغ -/200 روپے (ناقابل واپسی) میں حاصل کیا جا سکتا ہے۔ (فارم کی فوٹو سٹیٹ قابل قبول نہیں ہوگی۔) (8) ہر ایک آسامی کیلئے علیحدہ علیحدہ درخواست جمع کرائی جائیں، آسامی کا نام درخواست فارم پر واضح طور پر لکھا جائے (8) منتخب ہونے والے امیدواروں کو بلوچستان کے کسی بھی جگہ تعینات کیا جا سکتا ہے (9) محکمہ ہذا بغیر کسی وجہ کے آسامیوں کو ختم کرنے یا تعداد میں کمی بیشی کا مجاز ہوگا (10) درج بالا آسامیوں کیلئے امیدواروں کی عمر 18 سال سے کم اور 28 سال سے زائد نہ ہو۔ تاہم عمر کی بالائی حد میں زیادہ سے زیادہ رعایت حکومت بلوچستان کی ہدایت کے مطابق ہوگی۔

ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس
کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ بلوچستان، کوئٹہ

PRQ No 4491/19-05-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بلوچستان کی حاملہ خواتین کیلئے خوشخبری

لیڈی ڈفرن ہسپتال میکانگی روڈ کوئٹہ میں حکومت بلوچستان کی طرف سے ہیلتھ کارڈ کی سہولت جاری ہے۔ ہیلتھ کارڈ کے ذریعے ڈیلیوری / آپریشن لیبارٹری ٹیسٹ ادویات رہائش مفت فراہم کی جاری ہیں۔ مریضہ کا اصل شناختی کارڈ جس میں شوہر کا نام درج ہو اور شوہر کا اصل شناختی کارڈ ساتھ لانا ضروری ہے۔ شناختی کارڈ نہ ہونے کی صورت میں ڈیلیوری فیس بمعہ لیبر روم چارجز لیبارٹری ٹیسٹ مبلغ -/20,000 روپے چھوٹا آپریشن مبلغ -/22,000 روپے اور بڑا آپریشن -/45000 روپے بمعہ آپریشن تھیٹر چارجز و لیبارٹری ٹیسٹ۔ ماہر خواتین ڈاکٹرز کی زیر نگرانی لیڈی ڈفرن ہسپتال کوئٹہ گزشتہ 129 سال سے بلوچستان کی خواتین کے علاج کیلئے چوبیس گھنٹے خدمات پیش کر رہا ہے۔ مناسب ریٹ پر کھلے ہوادار کمرے اور بلا معاوضہ پارکنگ کی سہولت موجود ہے۔

(محمد مقیم صابر)
ایڈمنسٹریٹر لیڈی ڈفرن ہسپتال میکانگی روڈ کوئٹہ

رابطہ: 0333-7858897 / 081-2667985 / 081-2664898 / 081-2666636

Chiltan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, Urban Planning & Development Department ,Sibi Division invites sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2023, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm who have the renewal for the year 2024-25, for the following works:

S.#	Name of Works.	E/Cost
1.	HOME SOLAR IN DISTRICT SIBI PHASE-II **TSE-242505715963**	19,842,225/-
2.	WSS ALONGWITH SOLAR SYSTEM KUCHAR TO KILLI MIR SHAMABAD DISTRICT KOHLU **TSE-242505718663**	19,801,653/-

پشتون قومی تحریک کو متحد کرنے کی کوشش: مزدور کسان پارٹی کی دوسری قومی کانگرس چارسدہ شاہی ہشت نگر (مندنی) میں منعقد ہوئی جس میں عبدالرحیم خان مندوخیل اور عبدالرزاق خان دوتانی کی قیادت میں پشتونخوا نیپ کے بڑے وفد نے شرکت کی۔ کانگرس کے شرکاء رحیم صاحب کی عالمانہ تقریر سے اس حد تک متاثر ہوئے کہ لوگوں نے بنگش صاحب سے پرزور مطالبہ کیا کہ عبدالرحیم خان مندوخیل کو دوبارہ تقریر کا موقع دیا جائے۔ مندنی کانگرس 19 تا 21 جولائی 1979 کو کسان پارٹی اور پشتونخوا نیپ کے درمیان ایک وسیع تر پشتون اتحاد پر اتفاق ہوا اور 26 اکتوبر 1986 کو اعلامیہ پشاور کے ذریعے پشتونخوا ملی عوامی اتحاد کی تشکیل کا اعلان ہوا۔ جو بالآخر 29، 30 مارچ 1989 کو پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے قیام کا باعث بنی جو رحیم صاحب کی انتھک کوششوں کا نتیجہ تھا۔

14 اگست 1983 کو ایم آر ڈی نے سول نافرمانی کی تحریک شروع کی جس میں ہزاروں سیاسی کارکن گرفتار ہوئے۔ سندھ میں تحریک نسبتاً زیادہ مضبوط تھی اسی لیے مارشل لائی حکومت نے مظلوم سندھیوں پر بے انتہا تشدد کیا اور درجنوں سیاسی کارکنوں کو شہید کیا گیا۔ اس ظلم و بربریت کے خلاف پشتونخوا نیپ نے ایم آر ڈی کے ساتھ مل کر 7 اکتوبر 1983 کو کوئٹہ میں جلوس نکالا جس پر مارشل لائی حکمرانوں نے اندھا دھند گولیاں چلا کر پارٹی کے چار رہنماؤں کو شہید متعدد ساتھیوں کو زخمی اور بہت سے رہنماؤں کو گرفتار کیا۔ ان کٹھن حالات میں جبکہ کئی محاذوں پر پارٹی کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ محمود خان اچکزئی کی غیر موجودگی میں رحیم صاحب نے پارٹی کو سنبھالا، ایم آر ڈی کے پلیٹ فارم کو موثر بنانے کے لئے بھرپور کوششیں کیں اور ملک کی محکوم قوموں کی نجات، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کے لئے آواز اٹھائی۔

پارٹی کارکنوں کی تربیت و تنظیم: سیاسی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ رحیم صاحب نے پشتونخوا میپ کو نظریاتی اور تنظیمی طور پر انتہائی منظم جماعت بنانے کی کوشش کی اور پارٹی کارکنوں کو نعرہ بازی کے بجائے علمی اور نظریاتی طور پر مسلح کیا۔ یہ رحیم صاحب کی دن رات کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ پشتونخوا میپ کے چھوٹے بڑے سب ہی اپنی سیاست کو سمجھتے اور مختلف مسائل پر پارٹی کے اوپر سے لے کر نیچے تک اتفاق رائے پایا جاتا تھا۔ زندگی کے آخری لمحے تک رحیم صاحب کی کارکنوں اور ساتھیوں کو یہی ہدایت تھی کہ پارٹی اتحاد کو قائم رکھنے کے لئے بھرپور کوشش کی جائے۔



عبدالرحیم خان مندوخیل: ''ایسا کہاں سے لائیں۔۔ کہ تجھ سا کہیں جسے''

رشید یوسفزئی

استاد عبدالرحیم مندوخیل، افغان مرکزیت پر مبنی مزاحمت کا جدلیاتی معمار، اور بے سمت، گم گشتہ پشتون افغان قوم کے لیے سائنسی نقشہ راہ وہ نہ محض ایک سیاستدان تھے، نہ فقط ایک استاد، بلکہ وہ ایک پورا نظریاتی نظام تھے، ایک سادہ مگر تہذیبی قطب نما، ایک مادری مٹی سے جڑا ہوا جدلیاتی دماغ، اور ایک ایسا قومی سوشل سائنٹسٹ، جس نے ایک بے سمت قوم کو فکر، نظم، اور شناخت بخشی۔ وہ انقلاب کے اداکار نہیں، بلکہ معمار تھے، خاموشی سے، مگر بے حد علمی بنیادوں پر۔ افغان و پشتون سیاسی منظرنامے میں، جو اکثر وقتی جذبات اور وقتی بیانیے کی آماجگاہ بن چکا ہے، استاد مندوخیل ایک منفرد استثناء تھے۔ وہ صرف کسی پارٹی کے نمائندہ نہیں تھے، بلکہ وہ ایک مکمل قومی شعور کے نظریاتی نقشہ ساز تھے، جن کی تنظیمی سوچ اور سیاسی حکمت عملی جدید افغان مزاحمتی تحریکوں کی سب سے مربوط، سائنسی اور منطقی بنیاد ہے۔ وہ بخوبی جانتے تھے کہ سامراج صرف وسائل کو نہیں لوٹتا بلکہ شعور، ثقافت، اور خودی کی کالونائزیشن بھی کرتا ہے۔ ان کا فہم جانتا تھا: کہ استعمار کیسے ذہن کو قابو کرتا ہے؛ کلچر کیسے مزاحمت بن کر ابھرتا ہے؛ اور مغلوب قوم کی ثقافت کیسے اس کو نئی شناخت دیتی ہے۔ وہ جانتے تھے کہ علم، نصاب، مذہب، حتیٰ کہ زبان، سب کچھ سامراجی طاقت کے آلے بن سکتے ہیں۔ حاکم طبقہ صرف جبر کے ذریعے حکمرانی نہیں کرتا، بلکہ ثقافتی غلبے کے ذریعے معاشرتی شعور کو بھی تشکیل دیتا ہے۔) اسی لیے وہ صرف سیاسی کارکن پیدا نہیں کرتے تھے، وہ فکری کیڈر تیار کرتے تھے۔ ایسے لوگ جو صرف نعرے نہ لگائیں، بلکہ سامراجی ڈھانچوں کو پہچانیں، ان پر تنقید کریں اور ان کے مقابلے میں متبادل فکر تخلیق کریں۔

وہ تنظیم کو "انقلابی نرسری" کہتے تھے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ کوئی بھی نوآبادیاتی ادارہ، چاہے تعلیمی ہو یا مذہبی، کبھی بھی نوآبادیاتی حاکم کو چیلنج کرنے والا شعور پیدا نہیں کرے گا۔ بلکہ ایسے ادارے خود colonized structures (یعنی نوآبادیاتی ذہنیت میں ڈھلے ہوئے ادارے) ہوتے ہیں۔ یہ سب باتیں ہمیں یہ سکھاتی ہیں کہ استاد مندوخیل نے کس طرح ایک سادہ لیکن گہری زبان میں اشتراکی فکر، تاریخی شعور، سماجی قوانین، اور جدلیاتی منطق کو قوم کے لیے ایک زندہ نصاب بنایا۔ ان کا پیغام تھا کہ سیاسی آزادی کے حصول کے ساتھ ساتھ اقتصادی آزادی اور سماجی انصاف کے قیام کے لیے مسلسل جدوجہد ضروری ہے۔ استاد مندوخیل کا یہ تدبر ان کی فکر کی گہرائی اور ان کی سادہ اور مؤثر زبان آج بھی ہماری رہنمائی کرتا ہے کہ ہم کس طرح خود کو آزاد کر سکتے ہیں اور ایک ایسا معاشرہ قائم کر سکتے ہیں جو مکمل طور پر آزاد ہو۔ جب اکثر رہنما صرف خطابت میں کھو گئے، یا نعرہ بازی کی تھکن میں بکھر گئے، استاد عبدالرحیم مندوخیل نے تحریکوں کی بنیاد رکھی۔ ان کی اصل قوت الفاظ میں نہیں، بلکہ نظریے کو تنظیم میں ڈھالنے کی صلاحیت میں تھی۔ وہ باتیں نہیں بناتے تھے، وہ ادارے بناتے تھے؛ وہ وعدے نہیں کرتے تھے، وہ کارکن تیار کرتے تھے، جو محض نعرہ زن نہیں، بلکہ جدلیاتی تجزیہ، حکمت عملی، اور فکری مزاحمت میں تربیت یافتہ انقلابی تھے۔ جہاں دوسروں نے سیاست کو شخصیتوں کا کھیل بنایا، مندوخیل نے اسے تاریخی فریضہ جانا۔ انہوں نے افغان قوم دوستی کو قبائلی مرحلے سے نکال کر ایک نظریاتی، تنظیمی اور اسٹریٹجک طاقت میں ڈھالا۔ ان کا تصوراتی اتحاد خوشحال خان خٹک، غازی امان اللہ خان، اور خود مندوخیل پر مشتمل تثلیث تھا، مزاحمت، تنظیم، وژن۔

جب دوسروں کی سیاست صرف تقریروں کے حسن پر چلتی تھی، مندوخیل انقلابی مشینری کی تعمیر میں مصروف تھے۔ وہ کارکن نہیں، نظریاتی تھنک ٹینک تیار کر رہے تھے، ایسے اصولی کیڈر جو جبر، اور داخلی زوال کے خلاف سینہ سپر ہو سکیں۔ اس کی روشن مثال ملی شہید عثمان لالا ہیں جنہیں آج ہر انقلابی ذہن جانتا ہے۔ اسی طرح وہ ادیبوں، دانشوروں، اور دیگر شعبوں کے متاثر لوگوں سے مسلسل رابطے میں تھے، ان کی رہنمائی کرتے، اور انہیں عام فہم مگر جدلیاتی بصیرت دیتے، بالکل یونانی سقراط کی طرح، جو ایتھنز کی گلیوں میں عوام کو سوال، شک، اور غور کی تربیت دیتا تھا۔ انہوں نے اپنے کارکنوں کو نعرے بازی سے نکال کر جدلیات، عمرانیات، سیاسی معیشت، اور تاریخی شعور سکھایا، تاکہ وہ شکایت نہ کریں بلکہ تحلیل کریں، مایوسی نہ پھیلائیں بلکہ تنظیم سازی کریں۔

عظیم انقلابی رہبر

تحریر: زواکمن افغان

سیاسی خود مختاری اور اٹھارہویں آئینی ترمیم کی تیاری شروع تھی۔ ترمیم کے لئے بنی پارلیمانی کمیٹی، ہماری پارلیمانی تاریخ کی تنہا کمیٹی تھی جس نے کافی قابل قدر کام کیا۔ رضا ربانی کمیٹی کے سربراہ تھے لیکن تمام کمیٹی عبدالرحیم مندوخیل صاحب پر چل رہی تھی۔ مندوخیل صاحب ہر روز کمیٹی کے اجلاس کے لئے تشریف لاتے تو ممبران، بیوروکریٹس، صحافیوں اور دانشوروں کی پرتجسس نگاہیں ان پہ مرکوز ہوتیں۔ میں اکثر حیران رہ جاتا کہ آخر یہ تمام لوگ اس ایک شخص کی ذات میں اتنی دلچسپی کیوں لے رہے ہیں؟ ایک دن کمیٹی اجلاس کے انٹرنس پہ کھڑا تھا کہ مندوخیل صاحب تشریف لائے۔ لوگ اور خصوصاً غیر پشتون خوش آمدید کہنے کے لئے دوڑے۔ مندوخیل صاحب گاڑی سے اترے تو بغل میں کتابیں...... ان کے ڈرائیور اور معاون پیچھے کتابوں کے کارٹن لئے، حیران تھا کہ محترم شاید پوری لائبریری اپنے ساتھ اٹھالائے ہیں۔ اجلاس کا آغاز ہوا۔ صوبائی حقوق پہ پیچیدہ اور تکنیکی بحث شروع تھی۔ ایک ایک لفظ، ایک ایک ترکیب، کاما، بریکٹ، فل سٹاپ ڈسکس ہو رہا تھا۔ پروفیشنل ڈرافٹنگ سٹاف دس دس، بیس بیس مرتبہ ایک ایک نقطہ لکھ رہے ہیں، مٹا رہے ہیں پھر لکھ رہے ہیں۔ یہ کلاز یہاں شروع، یہاں ختم۔ یہ کاما ادھر، وہ فل سٹاپ ادھر...... اسی روز مجھے یقین ہوا کہ پاکستانی سیاست دان نا اہل نہیں، لیکن بے اختیار اور مجبور ہیں کمیٹی اور اجلاس کی روح رواں سینیٹر عبدالرحیم مندوخیل تھے اور سب کی نظریں انہیں پر تھیں میں سوچ رہا تھا کہ آپ اتنی کتابوں کا کیا کریں گے؟ ریفرنس دیں گے تو اس کو منیج کیسے کریں گے؟ رضا ربانی صاحب ہر پیچیدہ نکتہ خصوصی طور پر عبدالرحیم صاحب کو ریفر کرتے۔ مندوخیل صاحب ایک ایک نکتہ پہ متعلقہ موضوع کی ایک ایک، دو دو، تین تین کتابیں اٹھاتے۔ انگریزی گرامر، منطق، فلسفہ، تاریخ، پولیٹیکل سائنس، سوشیالوجی، سوشل ڈویلپمنٹ، ایڈمنسٹریشن، شماریات کا حوالہ دیتے۔ ہر نکتہ مدلل، ہر نکتہ ذمہ دارانہ۔ ہر تجزیہ انتہائی ٹھنڈا، اچھا تلا۔ نہ کبھی کسی حوالے میں غلط ہوتے ہیں۔ نہ کنفیوژ۔ چھ گھنٹے مسلسل بحث، لیکن ساٹھ ستر سالہ عمر رسیدہ جوان عبدالرحیم مندوخیل کے اعصاب بالکل تر و تازہ، نہ بدن خستہ ہے، نہ ہی توجہ منتشر اور نہ ہی کوئی ڈھیل بوتی، بے جان اور کمزوری کا شکار۔ قومی ذمہ داری کا احساس سب سے بہترین ٹانک ہوتا ہے۔ مندوخیل صاحب کو اپنی ذمہ داری کا احساس تھا۔ یہی احساس اس کا انرجائزر اور ٹانک ...لارڈ میکالے اپنے Essays میں برطانیہ عظمیٰ کے وزیر اعظم لارڈ پٹ اور چیتھم کے قانون سازی کی بحث کی تاریخ لکھتے ہیں سات اور گھنٹے مسلسل بولتے میں نے امریکی سینیٹرز کی گھنٹوں طویل تقاریر اور filibusters بھی سنے ہیں۔ جب عبدالرحیم مندوخیل صاحب کو دیکھا اور سنا تو پشتونوں بارے سیاسی شعور اور علمی فہم کی احساس کمتری ختم ہوئی۔ آنکھیں فخر اور مسرت سے بھیگ گئیں۔ پختونوں کے پاس یورپ اور امریکہ سے بڑھ کر سیاسی وژن سٹیٹس مین موجود تھے اور ہیں۔۔



پښتون قامي سياسي تحريک ستر رهبر لوی پوهاند اروابناد
عبدالرحيم خان مندوخيل د ۸م تلين په مناسبت د
پښتونخوا نېشنل عوامي پارټي قومي کونسل غونډه
Pashtoonkhwa National Awami Party
NATIONAL COUNCIL MEETING
Pays Tribute! to Veteran Statesman ABDUL RAHIM KHAN MANDOKHAIL
20م مې 2025
جنوبي پښتونخوا کوټه

بقیہ 1 — آئی ایس پی آر

ہوئے شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر نے علیحدہ جاری اعلامیے میں بتایا کہ سکیورٹی فورسز نے بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر ضلع آواران کے علاقے گشکور میں آپریشن پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو مؤثر نشانہ بنایا، جبکہ شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد ہلاک مارا گیا، جبکہ دو بھارتی اسپانسرڈ دہشت گرد زخمی ہوا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز نے دوسرا آپریشن ضلع کیچ میں کیا، جہاں فورسز نے کامیابی کے ساتھ 2 بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں (دہشتگرد عرف صابر اللہ اور امجد علی) کو ہلاک کر پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مارے گئے بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کیا گیا، مزید کہنا تھا کہ دہشتگرد قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف دہشت گردی کی متعدد سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ معصوم شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ علاقے میں موجود کسی بھی دہشت گرد کو ختم کرنے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن کیے جا رہے ہیں۔ ادھر، صدر مملکت آصف علی زرداری کا بلوچستان میں 2 مختلف کارروائیوں میں 3 دہشت گرد جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بقیہ 2 — وزیراعظم
بقیہ 3 — وزیراعلیٰ
بقیہ 4 — صدر پی آئی
بقیہ 5 — ڈی جی آئی ایس پی آر
بقیہ 6 — بیرسٹر گوہر
بقیہ 7 — میر سرفراز بگٹی
بقیہ 8 — عرفان صدیقی
بقیہ 11 — امکان
بقیہ 12 — آئی ایم ایف
بقیہ 13 — اضافی بوجھ
بقیہ 14 — جواب طلب
بقیہ 15 — آئی ایم ایف
بقیہ 17 — ایمرجنسی
بقیہ 18 — سپریم کورٹ
بقیہ 19 — حنیف عباسی
بقیہ 20 — کرنل صوفیہ
بقیہ 23 — جسٹس اعجاز سواتی
بقیہ 24 — اسرائیل
بقیہ 25 — ترجمان دفتر خارجہ
بقیہ 26 — ٹرمپ
بقیہ 27 — سپریم کورٹ
بقیہ 28 — ملالہ
بقیہ 29 — ارکان اسمبلی
بقیہ 30 — وکرم مسری
بقیہ 31 — کرتارپور
بقیہ 32 — اعتراف
بقیہ 34 — موسم گرم
بقیہ 35 — عمران عباس
بقیہ 36 — جام کمال
بقیہ 37 — ن لیگ بلوچستان
بقیہ 38 — چینی وزارت خارجہ
بقیہ 39 — ایران کا اعلان
بقیہ 40 — احسن اقبال
بقیہ 41 — چین
بقیہ 42 — بلوچستان میں مختلف
بقیہ 44 — گرفتار ملزمان
بقیہ 45 — جی ڈی اے
بقیہ 46 — مسلم لیگ (ن)
بقیہ 47 — قبائلی عمائدین
بقیہ 48 — پاکستان و بھارت
بقیہ 49 — غیر جمہوری
بقیہ 50 — ٹریڈ یونینز
بقیہ 52 — سلسلہ شروع
بقیہ 53 — مانیٹرنگ
بقیہ 54 — ملزم صابر علی
بقیہ 55 — محمد علی درانی
بقیہ 56 — بلوچستان
بقیہ 57 — فوری کارروائی
بقیہ 58 — ٹرانسپورٹ کمپنیز
بقیہ 59 — پورے ملک
بقیہ 60 — افغانستان
بقیہ 61 — ڈی آئی جی
بقیہ 63 — افغانستان
بقیہ 66 — فرید بلوچ
بقیہ 70 — بلوچستان
بقیہ 73 — حافظ حمد اللہ

نوجوانوں کی فکری رہنمائی کیلئے جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

ضروریات کو مدنظر رکھ کر تعمیری سوچ، حب الوطنی اور تحقیقی صلاحیتوں کو مثبت سرگرمیوں میں استعمال کر سکتے ہیں، شیخ جعفر مندوخیل

حالیہ پاکستان و بھارت جنگ میں پاک افواج نے دشمن پر عسکری برتری اور لیڈرشپ کا مظاہرہ کرتے ہوئے تاریخ میں یادگار فتح کی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ: یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر اور ڈاکٹر ارباب کامران کاسی جامعہ میں ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

واسا کی کارکردگی کو ڈیٹا ڈرون ماڈل کے تحت جانچا جائے، عبدالرحمان کھیتران

بجٹ کا استعمال کارکردگی سے مشروط ہونا چاہئے، صوبائی وزیر کی ایم ڈی واسا کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمان کھیتران سے ایم ڈی واسا گل خان نے پیر کے روز منسٹر پی ایچ ای آفس میں ملاقات کی، جس میں ادارے کی تکنیکی، مالیاتی اور آپریشنل کارکردگی پر بریفنگ دی گئی اجلاس میں ڈائریکٹر .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

بدعنوانی و خورد برد، کسٹم اہلکار سمیت 2 ملزمان گرفتار

امداد علی کسٹم افسر جس نے صابر علی کے ساتھ مل کر قومی خزانہ کو 8 کروڑ 14 لاکھ سے زائد کا نقصان پہنچایا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) بدعنوانی اور خرد برد، کسٹم اہلکار سمیت 2 ملزمان گرفتار، ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام کی بڑی کارروائی کروڑوں روپے کی بدعنوانی اور خورد برد میں ملوث کسٹم آفیسر سمیت 2 ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان کی شناخت امداد علی اور صابر علی کے نام سے ہوئی امداد علی پاکستان کسٹم سروسز میں بطور پرنسپل اپریزر تعینات ہیں ملزم .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ہزارہ کلچر ڈے انتہائی جوش و جذبے کیساتھ منایا گیا

تقریب میں بی این پی، نیشنل پارٹی، پشتونخوا میپ اور پی ٹی آئی کے رہنما بھی شریک

پروگرام کے آخر میں محفل موسیقی منعقد جس میں معروف ہزارہ گلوکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے زیر اہتمام ہزارہ قوم کی یوم ثقافت انتہائی شاندار، قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا تقریب یزدان خان گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول کے سبزہ زار پر منعقد ہوئی جس کا افتتاح چیئرمین عبدالخالق ہزارہ نے کیا اس موقع پر نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، پشتونخوا عوامی پارٹی کے مرکزی و .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں گردوں کی پیوندکاری کا آپریشن شروع کر دیا، بنیق

مریض اپنی رجسٹریشن برائے انتقال گردہ ٹرانسپلانٹ ڈیسک بنیق میں جلد از جلد کروالیں، اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) ادارہ برائے امراض گردہ و مثانہ بلوچستان، کوئٹہ (بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نفرو یورالوجی کوئٹہ (بنیق) کے جاری کردہ اطلاع کے مطابق بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف نفرو یورالوجی میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکرٹری صحت مجیب الرحمان کی رہنمائی میں ادارہ ہذا نے گردوں کی پیوندکاری .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں سرمایہ کار دوست ماحول فروغ دیا جائے، شعیب نوشیروانی

بلوچستان میں مختلف شعبوں میں بے پناہ مواقع موجود ہیں، صوبائی وزیر خزانہ

قلعہ عبداللہ بم دھماکہ قابل مذمت دہشتگرد اپنے عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے دفتر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر زرکون سے ایک اہم ملاقات کی ملاقات میں صوبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے آئندہ کے منصوبوں بالخصوص پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈلز پر تفصیلی .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ عبداللہ بم دھماکہ امن دشمن عناصر کی کارستانی ہے، سردار زادہ فیصل جمالی

دہشتگردی کے خلاف جنگ بلاشبہ قومی سلامتی کی جنگ ہے، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر محکمہ لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان مارکیٹ میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بزدلانہ کارروائی امن دشمن عناصر کی کارستانی ہے جس کا مقصد بلوچستان کے پرامن ماحول کو خراب کرنا ہے یہاں جاری ایک بیان میں صوبائی .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد، پولیس و سی آئی اے کی مشترکہ کارروائی، 4 ڈاکو گرفتار، 10 لاکھ برآمد

ڈاکو نیاز علی سوگنی و ہندو تاجر سنیل کمار سے ڈکیتی کے دوران رقم لوٹ کر فرار ہو گئے تھے

پولیس فورس ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کا مکمل قلع قمع کیا جائے، ایس ایس پی محمد اقبال طیب

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس اور سی آئی اے نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سندھ بلوچستان کے مشہور چار ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دس 10 لاکھ پچاس ہزار برآمد کر لی ڈاکو دو ہفتے قبل نیاز علی سوگنی اور ہندو تاجر سنیل کمار سے ڈکیتی کے دوران رقم لوٹ کر فرار ہو گئے تھے ڈاکوؤں کے قبضے سے صحافی کی موٹر سائیکل 04 ٹی ٹی پسٹل 4 میگزین برآمد، گرفتار ملزمان کے سہولت کار کا تعلق ڈیرہ مراد جمالی سے ہے انہیں .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان عالمی منڈیوں میں معیار اور ورثے کا محافظ بن کر ابھر سکتا ہے، جام کمال

جغرافیائی شناخت صرف دانشورانہ املاک کا تحفظ نہیں بلکہ ثقافتی ورثے کی حفاظت، دیہی ترقی اور برآمدات کے نئے مواقع پیدا کرنے کا موثر ذریعہ ہے، وزیر تجارت

پاکستان کی 20 مصنوعات کو جغرافیائی شناخت کے تحت رجسٹرڈ کیا جا چکا ہے، ان میں باسمتی چاول، چلغوزہ، سندھڑی آم و دیگر مصنوعات شامل ہیں

اسلام آباد (شاہد رحمان) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ جغرافیائی شناخت نظام (RegimeGI) کے فروغ ... آگاہی کانفرنس ... اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک و زراعت (FAO) کے اشتراک ... . بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی فیڈرل پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر داخلہ بلوچستان کی کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بی آئی ایس پی کے بجٹ میں 20 فیصد تک اضافے کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئندہ مالی سال میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بجٹ میں بیس فیصد تک اضافے کی تجویز سامنے آئی ہے، اسلئے نئے بجٹ میں بی آئی ایس پی کیلئے سات سو سوا ارب روپے رکھے جانے کا امکان ہے۔ دستاویزات کے مطابق جنوری 2026 سے کیش ٹرانسفر کفالت پروگرام کی رقم میں ایک ہزار روپے اضافہ ہوگا، سہ ماہی وظیفہ ساڑھے تیرہ ہزار سے بڑھا کر ساڑھے چودہ ہزار کیا جائے گا

مولانا ہدایت الرحمان کی ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے سے ملاقات

جی ڈی اے کی کوششوں سے اولڈ ٹاؤن کی خوبصورتی میں نمایاں بہتری آرہی ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سیف اللہ کھیتران سے ان کے دفتر میں ملاقات کی ملاقات کے دوران جی ڈی اے کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے ایم پی اے گوادر کو جی ڈی اے کے تحت جاری منصوبوں کی پیشرفت اور ان کے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردی کے خلاف جنگ صرف حکومت کی نہیں پوری قوم کی ہے، سلیم کھوسہ

قلعہ عبداللہ دھماکہ قابل مذمت، دہشتگردوں کو معاف نہیں کیا جائے گا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان اسمبلی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ نے گلستان میں بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف حکومت کی نہیں بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے یہ جنگ ہماری قومی بقاء اور سلامتی کی ہے اور دہشت گردوں کو کسی صورت معاف نہیں .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

عمر ایوب کی عبوری ضمانت میں 4 جون تک توسیع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمات میں قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان کی عبوری ضمانت میں 4 جون تک توسیع کر دی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمات کی سماعت ہوئی۔ پی ٹی آئی رہنما اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں بھی 4 جون تک توسیع کر دی گئی۔

جھالاوان سمیت بلوچستان بھر کے قبائل کی منفرد تاریخ ہے، نواب زہری

تمام قبائل گلدستے کی مانند اور خلق جھالاوان تمام قبائل کا گھر ہے، سابق وزیراعلیٰ

سردار منیر احمد زہری، سردار احسان ساتکزئی زہری، سردار صلاح الدین تھوانی زہری کی دستار بندی تقریب سے خطاب

خضدار (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری کی میزبانی میں افغان سینٹر ہال کراچی میں تاریخی قبائلی تقریب کا انعقاد، تقریب سے چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری، نوابزادہ میر نعمت اللہ خان زہری و دیگر قبائلی عمائدین نے سردار منیر احمد زہری، سردار احسان اللہ ساتکزئی زہری، سردار صلاح الدین تھوانی زہری کی .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

خاران، لیویز چیک پوسٹ پر نامعلوم افراد کا حملہ

خاران (نمائندہ خصوصی) خاران تیج روڈ پر واقع لیویز چیک پوسٹ بٹ پر نامعلوم مسلح افراد نے حملہ کیا، دوران حملہ فائرنگ بندی بھی کی گئی۔ ذرائع کے مطابق، مسلح افراد نے چیک پوسٹ پر حملہ کر کے ایک سرکاری بندوق ضبط کر کے اپنے ساتھ لے گئے۔ اس واقعے کے متعلق تاحال سرکاری سطح پر کوئی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ واضح رہے کچھ مہینے پہلے اسی لیویز چیک پر حملہ ہوا تھا اور حملے سے ایک لیویز جوان شہید بھی ہوا تھا۔

بھارت کی ہٹ دھرمی کے باعث خطے میں تاحال کشیدگی موجود ہے، محمد عبدالقادر

جنگ کے دوران بھارت میں اسرائیلی اور افغانی حکام کی موجودگی انتہائی معانی خیز ہے، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی شاندار فتح کے بعد بھارت کی روایتی ہٹ دھرمی کے باعث خطے میں تاحال کشیدگی موجود ہے پاک بھارت جنگ کے دوران بھارت میں اسرائیلی اور افغانی حکام کی موجودگی انتہائی معانی خیز ہے اور پاکستان مخالف بھارت .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے بھارتی جارحیت کو کچل کر خطے میں مقام حاصل کر لیا، ن لیگ بلوچستان

پاکستان نے واضح کیا تھا کہ بھارتی جارحیت کا جو جواب ہم دیں گے پوری دنیا دیکھے گی، جمال شاہ کاکڑ

ملک میں حکومت، ادارے، پارلیمان، اپوزیشن اور میڈیا ایک پیج پر رہے، حقائق کے ساتھ دنیا کو آگاہ کیا

کوئٹہ (اے پی پی) رکن قومی اسمبلی و پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے پاکستان کا مقدمہ دنیا کے سامنے رکھنے کا درست فیصلہ کیا ہے، بھارت شکست کے بعد اب سفارتی سطح پر پروپیگنڈہ کرنے میں مصروف ہیں، حکومت، اپوزیشن، عوام اور اداروں کو پاکستان کو بھارتی جارحیت کے بعد حاصل ہونے والے مقام کو برقرار رکھنے کیلئے اتحاد و اتفاق سے آگے بڑھنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) عبداللہ بادینی شہر میں وال چاکنگ، تجاوزات اور گداگروں کے خلاف کارروائی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوستہ محمد، اتائی ڈاکٹروں کی جانب سے غلط انجکشن لگانے کے باعث بچی موقع پر جاں بحق

اوستہ محمد (نامہ نگار) اوستہ محمد انجکشن کاری ایکشن بچی جاں بحق، نجی ہسپتال میں 9 سالہ بچی کلثوم جمالی جاں بحق ورثاء کا کہنا ہے کہ بچی کو علاج کے لئے مچھلی پل کے قریب ڈاکٹر نصر اللہ میمن کے نجی ہسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹر کی جانب سے غلط انجکشن لگانے .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

فارم 47 کے مسلط نمائندے آئین و قانون شکنی میں مصروف ہیں، پشتونخوا میپ

انکے حقیقی عزائم عوام کے سامنے لانے میں سیاسی، جمہوری اور آئینی کردار ادا کرینگے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے پریس ریلیز میں پشتونخوا لائرز فورم (جنوبی پشتونخوا) کے قیام پر دل کی اتاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش اور بجا طور پر اس امید کا اظہار کیا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن اور ملک بھر میں فارم 47 کے نام نہاد حکومت احکومتیں ملکی آئین اور قوانین کو من مانے اور اپنی تسلط قائم کرنے کیلئے جو آئین اور .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے صدر کی وفاقی وزیر اوورسیز سے ملاقات

شمس الرحمان سواتی نے چوہدری سالک حسین کا شکریہ ادا اور مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (پ ر) نیشنل لیبر فیڈریشن پاکستان کے صدر شمس الرحمان سواتی اور سیکرٹری جنرل حبیب الرحمان کی وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانی و انسانی حقوق چوہدری سالک حسین سے ملاقات اس موقع پر وفاقی سیکرٹری ڈاکٹر ارشد محمود سیکرٹری اور وزارت کے ڈائریکٹر .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صحبت پور کے صحافیوں نے سرکاری خبروں کا بائیکاٹ کر دیا

وجہ انتظامیہ کا صحافیوں کے ساتھ ناروا سلوک اور معلومات تک رسائی نہ دینا ہے

فرید آباد (نامہ نگار) بلوچستان کے صحافی کٹھن حالات میں اپنا فریضہ سر انجام دے رہے ہیں حکومتی سطح پر صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے کوئی خاص اقدامات نہیں کیے جاتے، افسر شاہی جس میں اکثر کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اگر اچانک کسی صحافی کا کوئی مسئلہ ہو .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

رات کے اوقات میں سفری پابندیوں سے ٹرانسپورٹ کا شعبہ تباہ ہو گیا، نور محمد کاکڑ

گاڑیاں منزل پر دو سے تین دن تاخیر سے پہنچتی غذائی اجناس راستے میں ہی خراب ہو جاتی ہیں، گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ کمپنیز

آئے روز نامناسب واقعات کے باعث دیگر صوبوں کے ٹرانسپورٹرز بلوچستان کا رخ ہی نہیں کر رہے، مشرق سے بات چیت

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ کمپنیز ایسوسی ایشن نے شاہراہوں پر سیکورٹی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ رات کے اوقات میں سفر کرنے کے فیصلے سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز کو مسائل کا سامنا ہے بلکہ صوبے کی معیشت کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے، آئے روز پیش آنے والے واقعات ٹرک جلائے جانے اور ڈرائیورز کو تنگ کیے جانے کے باعث اب دیگر صوبوں کے ٹرانسپورٹرز بلوچستان کا رخ ہی نہیں کر رہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کسٹم حکام سے بات کریں .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ سے معاہدہ ہو یا نہ ہو، ایران یورینیم کی افزودگی جاری رکھے گا، ایران کا اعلان

امریکا ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہ ہونے کی یقین دہانی چاہتا ہے، اس یقین دہانی کا ایک معاہدہ دسترس میں ہے

ہم ایسے حل پر بات چیت کیلئے تیار، ایران معاہدے کے ساتھ یا اس کے بغیر یورینیم کی افزودگی جاری رکھے گا، عباس عراقچی

تہران (م ڈ) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ معاہدہ ہو یا نہ ہو دونوں صورتوں میں ایران یورینیم کی افزودگی جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر امریکا چاہتا ہے کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل نہ کرے تو معاہدہ ممکن ہے، ہم اس مقصد کے لیے سنجیدہ بات چیت پر تیار ہیں۔ امریکا ایران جوہری معاہدے سے متعلق سوشل میڈیا پر بیان میں عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ امریکا ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہ ہونے کی یقین دہانی چاہتا ہے، اس یقین دہانی کا ایک معاہدہ دسترس میں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم ایسے حل پر بات چیت کے .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیراعلیٰ بلوچستان اور نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، نادر علی ہزارہ، احمد علی بیگ، درح اللہ، مہدی حسن علی و دیگر تنظیم نسل نو ہزارہ مغل کے زیر اہتمام ہزارگی ثقافتی ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین محکمہ لیبر اینڈ مین پاور اور کے آڈٹ پیراز سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کیلئے ہمیں مزید سخت فیصلے کرنے ہونگے، کمشنر

لیاقت بازار، قندھاری بازار، پرنس روڈ کو بھی نو پارکنگ زون ڈیکلیئر، ہر قسم کی گاڑیوں و ریڑھیوں کو فوری ہٹایا جائے گا، حمزہ شفقات

جوائنٹ روڈ سے بھی تمام ریڑھیاں کو فوری ہٹا کر ٹریفک کی روانی یقینی اور شہر میں دکانوں کے سامنے درختوں کے گملے رکھے جائیں گے

مرکزی کاروباری علاقوں کو ڈاؤن ٹاؤن قرار، رکشوں کے داخلے پر پابندی، الیکٹرک رکشہ چلانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، اجلاس میں افسران کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کی زیر صدارت کوئٹہ شہر کی بہتری اور خوبصورتی کے حوالے سے اجلاس منعقد، اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن ریٹائرڈ مہر اللہ بادینی، ایس ایس پی ٹریفک کوئٹہ بہرام خان، ایس پی سٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ ڈویژن، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر یا وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانی ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے بتایا ہے کہ اسپیکر یا وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانی ہے، اگر کشیدہ صورتحال میں تحریک عدم اعتماد لاتے تو ہماری حب الوطنی پر مشکوک ہوتے۔ سابق اسپیکر و رہنما پاکستان تحریک انصاف اسد قیصر نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ابھی بھارت سے کشیدگی کا جائزہ لے رہے ہیں۔ سابق اسپیکر سے سوال کیا گیا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کے خلاف کیا عملی طور پر آگے بڑھیں گے

مانجھوٹی میں 10 سے زائد گھر جل کر خاکستر

آگ گوٹھ وڈیرہ عاشق حسین عمرانی میں لگی، جانی نقصان نہیں ہوا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے مانجھوٹی کے گوٹھ وڈیرہ عاشق حسین عمرانی میں اچانک آگ لگنے سے 10 سے زائد گھر آگ کی لپیٹ میں آگئے گھریلو تمام سامان جل کر خاکستر ہو گیا متاثرہ خاندان کی مالی امداد کے لئے اپیل تفصیلات کے مطابق سوموار کی دوپہر مانجھوٹی کے علاقے گوٹھ وڈیرہ عاشق حسین عمرانی میں اچانک آگ بھڑک .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی نے مظلوم فلسطینیوں کے حق میں آواز بلند کی، حافظ حمد اللہ

فلسطینی عوام کا ساتھ دینا ہر مسلمان کا دینی اخلاقی اور انسانی فریضہ ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سینئر مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے مظلوم فلسطینیوں کے حق میں آواز بلند کر کے اسلامی اخوت یکجہتی اور ہمدردی کا عملی مظاہرہ کیا ہے ایسے نازک اور مشکل حالات میں جب فلسطینی عوام صیہونی ظلم و ستم کا شکار ہیں ان کا ساتھ دینا ہر مسلمان کا دینی اخلاقی اور انسانی فریضہ ہے افسوس .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے بھارت کو دن میں تارے دکھا دیے، احسن اقبال

ہماری مسلح افواج نے ثابت کیا کہ جنگیں تعداد سے نہیں صلاحیت سے لڑی جاتی ہیں

بھارت کے کروڑوں کے جہاز کباڑیوں کی دکانوں کی زینت بن گئے، وفاقی وزیر

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ موجودہ قیادت اور افواج پاکستان نے بھارت کو دن میں تارے دکھا دیے۔ نارووال میں ریسکیو سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت ایسی قیادت نہیں تھی جو کہتی کہ کیا اب میں حملہ کروں؟ ان کا کہنا تھا کہ ہماری مسلح افواج نے ثابت کیا کہ .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی سے بلال کاکڑ اور عبدالکبیر زرکون ملاقات کر رہے ہیں

ثقافت قوم کی پہچان اور تاریخی ورثہ ہوتی ہے، رحمت صالح

ہزارہ قوم نے بلوچستان میں اپنی ثقافت کو زندہ رکھا ہے، پیغام

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے یوم ثقافت پر ہزارہ قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان اور تاریخی ورثہ ہوتی ہے جو نہ صرف اس کی شناخت کو اجاگر کرتی ہے بلکہ یکجہتی اور ہم آہنگی کا ذریعہ بھی بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ قوم ایک محنتی .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ACC کارڈ ہولڈر افغانوں کو زبردستی افغانستان بھیجنے کا فیصلہ

فیصلہ لورالائی کی ضلعی انتظامیہ نے کیا، ACC 15 کارڈ ہولڈرز کی دکانیں سیل

لورالائی (خ ن) ڈسٹرکٹ انتظامیہ نے ACC کارڈ ہولڈرز افغان مہاجرین کو زبردستی افغانستان بھیجنے کا فیصلہ کر دیا حکومت پاکستان اور بلوچستان کے مشترکہ فیصلے کے تحت افغان مہاجرین کی مرحلہ وار وطن واپسی کا عمل جاری ہے۔ گزشتہ روز ضلعی انتظامیہ .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں سنگین جرائم کے متعدد ملزمان گرفتار

خاتون سمیت مبینہ طور پر مفرور، قاتل، متفرق جرائم میں ملوث، منشیات فروش گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے قتل، مفرور، جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں اور کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف مختلف کارروائیوں میں خاتون سمیت 13 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ، ایمونیشن، موٹر سائیکلیں قبضے میں لے .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر



تنظیم نسل نو ہزارہ مغل کے زیر اہتمام ہزارگی ثقافتی ڈے کے موقع پر لگائے گئے مختلف سٹال

خضدار، ایک شخص مبینہ ذاتی دشمنی میں قتل

خضدار (آن لائن) گزشتہ روز تحصیل وڈھ کے علاقہ ڈانسر میں ایک دلخراش واقعہ پیش آیا۔ ایک شخص کو قتل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تحصیل وڈھ کے مضافاتی علاقہ ڈانسر میں ایک شخص کو قتل کر دیا گیا جس کی شناخت، عابد ولد فضل الرحمن تو بکزئی مینگل کے نام سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ واقعہ مبینہ طور پر ذاتی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے۔

خواتین اساتذہ کا ڈیوٹی سے انکار، خیبر میں 37 سرکاری گرلز اسکول بند

خیبر (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر میں اسٹاف کی کمی کے باعث 37 سرکاری گرلز پرائمری اسکول بند ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق تحصیل لنڈی کوتل میں 21، تحصیل باڑہ میں 12 اور تحصیل جمرود میں 4 سرکاری گرلز پرائمری اسکولز بند کر دیے گئے جس کے بعد سیکڑوں طالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ دور دراز علاقوں میں خواتین اساتذہ ڈیوٹی نہیں کرتیں اور مقامی سطح پر خواتین اساتذہ کی کمی ہے

سرکاری محکموں میں بے ضابطگیوں پر کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

پی اے سی ہر سطح پر احتساب کو فروغ اور یہ بات یقینی بنائے گی عوام کا پیسہ قواعد و ضوابط کے مطابق استعمال ہو، اصغر علی ترین

ڈائریکٹر پی۔ٹیوٹا کی جانب سے 20-2019ء کے دوران 522.146 ملین گرانٹ نجی بینک کے سیونگ اکاؤنٹ میں جمع کرانا قابل تشویش عمل ہے، ممبران

کوئٹہ (خ ن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چیئرمین اصغر علی ترین کی زیر صدارت محکمہ محنت و افرادی قوت اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ منعقد ہوا اجلاس میں پی اے سی کے ممبرز سردار عبدالرحمان کھیتران، زابد علی ریکی، غلام دستگیر بادینی، فضل قادر مندوخیل اور صفیہ اللہ گورگیج، اکاؤنٹنٹ جنرل نصر اللہ جان، ڈی جی آڈٹ بلوچستان شجاع علی، سیکرٹری محکمہ لیبر نیاز احمد نیچاری، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری پی اے سی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون سعید اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

ہزارہ قوم کی ثقافت پاکستان، ایران اور افغانستان میں پھیلی ہے، فرح عظیم شاہ

19 مئی کو ہزارہ قوم کی ثقافت، زبان، تاریخ، اور روایات کو اجاگر کیا جاتا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایمان پاکستان تحریک کے چیئرپرسن رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ کہا کہ تمام ہزارہ بھائیوں کو ہزارہ کلچر ڈے کے موقع پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیشہ وہ قوم میں زندہ رہتی ہے جو اپنی ثقافت کو زندہ رکھتے 19 مئی دنیا بھر میں ہزارہ قوم کی ثقافت، زبان، تاریخ، اور روایات کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ یہ دن ہزارہ برادری کی ثقافت کی اہمیت کو تسلیم .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

تربت میں نامعلوم ملزمان نے ایک شخص کو لوٹ لیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت کے علاقے تیج میں نامعلوم ملزمان گن پوائنٹ پر ایک شخص سے لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تربت میں ایک شخص بلال بینک سے رقم نکلوا کر جا رہے تھے نامعلوم ڈاکو اسلحے کے زور پر اس سے 12 لاکھ .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی کی قومی کونسل اجلاس تیاریاں مکمل ہیں، پی کے نیپ

جرگہ کے اراکین پشتونخوا وطن اور ملک کے تمام علاقوں سے کوئٹہ پہنچ گئے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی کی قومی جرگہ (قومی کونسل) کی اجلاس کی تمام تیاریاں مکمل ہوگئی ہے جرگہ کے اراکین پشتونخوا وطن اور ملک کے تمام علاقوں سے کوئٹہ پہنچ گئے ہیں۔ قومی جرگہ (قومی کونسل) پارٹی کا اعلیٰ ترین ادارہ ہے جس کو سیاسی حکمت عملی پالیسیوں، مداہیر، آئین و .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل پارٹی اپنے نظریہ پر قائم، طاقت کا سرچشمہ عوام ہے، مالک بلوچ

بہترین معاشرے کی تشکیل کیلئے عوامی سطح پر سیاسی شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے، سربراہ نیشنل پارٹی و سابق وزیراعلیٰ

ٹیلنٹ کی کمی نہیں صوبے کے نوجوانوں نے نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، بلوچستان ریفارمز کے وفد سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بہتر معاشرے کی تشکیل کیلئے عوامی سطح پر سیاسی شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے شعوری سیاست ہی سماجی تبدیلی کی ضامن ہے، بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہمارے نوجوانوں نے نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ریفارمز کے وفد سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا وفد میں بلوچستان ریفارمز کے نائب صدر ڈاکٹر فرحت حسین، فائزہ سکندر، فاریہ بتول، بشریٰ میروانی فردوس .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

مودی سرکار ملک کے سفارتی تعلقات خراب کرنے پر تل گئی

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) مودی حکومت نے پاکستان کی دشمنی میں ترکی، اور آذربائیجان کے ساتھ تجارتی و تعلیمی بائیکاٹ شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق مودی کا جنگی جنون عروج پر آ چکا ہے جس کے بعد بھارت نے ترکی اور آذربائیجان پر الزام تراشی اور تجارتی بائیکاٹ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔

چمن لیویز نے سو کلو گرام افیون برآمد کر لی

خفیہ اطلاع پر مشکوک گاڑی کو قبضے میں لیا، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب

چمن (نامہ نگار) چمن روغانی کے علاقے میں لیویز نے انٹیلیجنس بیس پر کارروائی کرتے ہوئے مشکوک ٹو ڈی کار کو قبضے میں لیکر سو کلو گرام افیون برآمد کر لی۔ جسکی قیمت عالمی منڈی میں تین کروڑ روپے سے زائد بتائی جاتی ہے اسسٹنٹ کمشنر امتیاز علی بلوچ نے تحصیل کچہری اپنے آفس میں پریس کانفرنس میں بتایا کہ ڈپٹی کمشنر حبیب ننگیال صاحب کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

اے این پی تحصیل کچلاک کی نو منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، مابت کاکا

فعال و منظم تنظیم ہی کی بدولت درپیش سنگین قومی و معاشی مسائل سے نجات ممکن ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کچلاک عوامی نیشنل پارٹی کا گڑھ چلا آرہا ہے فعال و منظم تنظیم ہی کی بدولت درپیش سنگین قومی و معاشی مسائل سے نجات ممکن ہے فخر افغان باچا خان کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ پشتون افغان تاریخ میں .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں حقیقی سیاسی قیادت کو ختم کیا جا رہا ہے، لشکری رئیسانی

منصوبہ بندی کے تحت پارٹیاں ایجاد اور انہیں اسمبلی میں کوٹہ الاٹ کیا گیا ہے

کراچی / کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاست دان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حقیقی سیاسی قیادت کو ختم کر کے پارٹیاں ایجاد کر کے اسمبلی میں کوٹہ تقسیم کیا گیا ہے، یہ جماعتیں قومی اور اجتماعی حقوق کیلئے نہیں صوبے کے .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں بدامنی حکمران غیر سنجیدہ دکھائی دے رہے ہیں، جمعیت نظریاتی

حکومتی غلط فیصلوں کے باعث بلوچستان و کے پی کے آگ و خون کی لپیٹ میں ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

سیاسی و مذہبی جماعتیں دہشت گردی کے پس پردہ حقائق و محرکات بے نقاب کرنے کیلئے متحد ہو جائیں، مفتی شفیع الدین

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ضلعی امیر قلعہ عبداللہ مولانا عبدالواحد ہاشمی جنرل سیکرٹری حاجی محمد انور و دیگر نے گلستان میں بم دھماکے کی شدید الفاظ سے مذمت اور شہادتوں پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار اور زخمیوں کی صحت یابی اور لواحقین کیلئے صبر کی دعا کرتے .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

چین پاک تعلقات کو مسلسل فروغ مل رہا ہے، چینی وزارت خارجہ

چین اور پاکستان ہمہ موسمی اسٹریٹجک تعاون کے شراکت دار ہیں، ترجمان

دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں قریبی تعاون جاری ہے

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے یومیہ پریس کانفرنس میں چین پاک تعلقات کے حوالے سے سوال کے جواب میں کہا ہے کہ چین اور پاکستان ہمہ موسمی اسٹریٹجک تعاون کے شراکت دار ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلے اور مختلف شعبوں میں قریبی تعاون جاری ہے۔ پیر کو ترجمان نے کہا کہ چین .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

جعفر آباد: ڈپٹی کمشنر ہسپتال کے معائنے کے دوران عملے کی حاضری چیک کر رہے ہیں

تحمل سے کام لیں، دونوں ممالک سے روابط کے خواہشمند ہیں، چین

چین حالیہ پاک بھارت کشیدہ صورت حال پر اپنی پوزیشن واضح کر چکا ہے، ترجمان چینی وزارت خارجہ

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار چین پہنچ گئے، بھارتی جارحیت بارے چینی حکام سے ملاقات کرینگے

بیجنگ (م ڈ) چین نے ایک بار پھر پاکستان اور بھارت کو تحمل سے کام لینے کا مشورہ دیا ہے۔ ڈان نیوز کے مطابق ترجمان چینی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ پاک بھارت کشیدہ صورت حال پر اپنی پوزیشن واضح کر چکے، چین دونوں ممالک کے ساتھ روابط جاری رکھنے کا خواہش مند ہے۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ نے کہا کہ امن اور طویل المدتی جنگ بندی کے لیے پاکستان اور بھارت کشیدگی سے گریز کریں۔ دوسری جانب، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار چین کے 3 روزہ دورے پر بیجنگ پہنچ گئے ہیں۔ پاکستانی دفتر خارجہ کے مطابق بیجنگ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر